آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعۃ المبارک 30 اکتوبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 209

ریاست مخالف باتوں سے فضل الرحمان کی عزت نہیں رہی اب آپ کو ریاست کی نوکری نہیں ملنی، محسن نقوی

جب تک ریاست سے فائدے ملتے رہیں تو ریاست اچھی لگتی ہے لیکن جب حصہ یا حکومت نہ ملے تو ریاست پر تھوکنا مناسب نہیں، اگر تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کی ہمت بھی پیدا کریں

محسن نقوی نے کہا کہ بعض لوگ اسلام کو کاروبار اور سیاست کے لیے استعمال کرتے ہیں، انہوں نے دعو۔ وزیر داخلہ



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وہ مولانا فضل الرحمان کا بہت احترام کرتے تھے، تاہم ریاستی اداروں سے متعلق ان کے بیان کے بعد اب ان کے احترام کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی، اب آپ کو ریاست کی نوکری نہیں ملنی، پیسے اور ٹکٹیں بھی نہیں ملیں گی۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ سیاسی اختلاف

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری تعمیرات کے ذریعے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ترجیح ہے، کمشنر بہاول پو

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ بہاولپور میں سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری اور شہریوں کو محفوظ، معیاری اور پائیدار سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ کمشنر

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر مثبت رجحان

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان سٹاک

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، بلاول بھٹو

قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ عمران خان خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سستی بجلی صنعتی ترقی کو فروغ دے گی، وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین

بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم صنعتی شعبے کو بجلی کی مستحکم اور قابل اعتماد فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا

صنعتی اسٹیٹس کے لیے سستی بجلی کے حوالے سے اہم اجلاس۔

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے جیل روڈ لاہور پر محکمہ توانائی کے دفتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی مشترکہ صدارت کی جس میں پنجاب بھر کے صنعتی و صنعتی اداروں کو سستی، معیاری اور قابل اعتماد بجلی فراہم کرنے کے حوالے سے تجاویز کا جائزہ لیا گیا جس پر محکمہ صنعت وتجارت کے افسران نے اتفاق کیا۔ انڈسٹریل اسٹیٹس میں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ترک صدر طیب اردوان کا امریکی صدر ٹرمپ کو فون

انقرہ (سی ایم لنکس) ترک صدر طیب اردوان نے امریکی صدر ٹرمپ کو آگاہ کیا کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے ساتھ اپنے دفاعی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور کا بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی کا دورہ

سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور بروقت علاج معالجے کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں

کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ایمرجنسی میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان سے علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا

بہاول پور (پ ر) سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، مریضوں کی بہتر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کی اوچ شریف میں مقامی صحافت کو مضبوط بنانے کیلئے تربیتی ورکشاپ

ماسٹر ٹرینر معروف ماہر پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا، سابق چیئرمین شعبہ میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز و ڈائریکٹر کمیونٹی براڈ کاسٹنگ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور تھے

رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے صدر اور بانی جے اے پی احسان احمد سحر نے شرکا مرد وخواتین صحافیوں میں اسناد تقسیم شرکت کیں





احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ کے عہدیداران اور اراکین جس رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے صدر احسان احمد سحر اور چشریف کے میرج ہال میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر سرٹیفکیٹس وصول کرنے کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو



اوچ شریف: ماسٹر ٹرینر پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا سابق چیئرمین میڈیا اسٹڈیز ڈیپارٹمنٹ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کی جرنلسٹس الائنس پاکستان کے جنوبی پنجاب چیپٹر کے اراکین کے لیے منعقد کی گئی ٹریننگ ورکشاپ میں لیکچر دے رہے ہیں

اوچ شریف (پ ر) رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان (RMNP) اور روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کے اشتراک سے جرنلسٹ الائنس پاکستان - رورل وٹان پریس کلبز جنوبی پنجاب کے اراکین کے لیے اوچ شریف پریس اینڈ میڈیا کلب رجسٹرڈ کی میزبانی میں العباس میرج ہال میں *"مقامی صحافت کو مضبوط بنانا: مہارت،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان میں امریکی ساختہ ہتھیار پاکستان پر حملے کرنیوالے دہشتگردوں کی صلاحیت بڑھا رہے ہیں، رپورٹ

40 ہزار سے زائد فوجی گاڑیاں اور 78 طیارے امریکی انخلا کے بعد اسلحے کے ذخیرے کا حصہ رہے، طالبان کمانڈرز اور بلیک مارکیٹ کے ذریعے اسلحہ دہشتگردوں کو منتقل ہو رہا ہے، پاکستان میں دہشتگردوں سے برآمد 63 ہتھیاروں کے سیریل نمبرز سے ان کا امریکی اسلحہ سپلائرز سے تعلق ثابت ہو چکا ہے۔

امریکی جریدے رئیل کلیئر ڈیفنس نے رپورٹ پیش کردی۔ رپورٹ کے مطابق امریکی افغانستان میں چھوڑے گئے امریکی اسلحے، انخلا کے 5 سال بعد امریکی ساختہ ہتھیار پاکستان دہشتگردی اور پاکستان کی سلامتی پر تفصیلی جائزہ پر حملے کرنے والے دہشتگردوں کی صلاحیت بڑھا رہے ہیں، افغانستان میں 7 ارب ڈالر مالیت سے زائد کا امریکی فوجی ساز وسامان طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے وقت موجود تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ افغانستان میں 3 لاکھ سے زائد ہتھیار، 40 ہزار سے زائد فوجی گاڑیاں اور 78 طیارے امریکی انخلا کے بعد اسلحے کے ذخیرے کا حصہ رہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی رپورٹ میں طالبان کمانڈروں کی جانب سے فتن الخوارج کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی نشاندہی کی گئی ہے، فتن الخوارج کو فراہم کیے جانے والے جدید ہتھیاروں میں ایم 24 اسنائپر رائفلز، ٹیلی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



صدر مملکت کا پاک ترک تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور

مشکل وقت میں ترک قیادت، عوام کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کی قدر کرتے ہیں۔ صدر مملکت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف زرداری نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک صدر رجب طیب اردوان کے نام خط میں کہا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سینیٹ میں محسن نقوی کا مرتضیٰ اور عابد شیر علی کے درمیان تلخ کلامی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی تقریر پر جے یو آئی (ف) کے سینیٹر کامران مرتضی نے احتجاج کیا، جس کے بعد ایوان میں شور شرابا شروع ہو گیا

محسن نقوی اور کامران مرتضی کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ بھی ہوا، محسن نقوی نے کامران مرتضی کے احتجاج پر کہا کہ آپ کو میری بات سننا پڑے گی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی تقریر پر جے یو آئی (ف) کے سینیٹر کامران مرتضی نے احتجاج کیا، جس کے بعد ایوان میں شور شرابا شروع ہو گیا۔ محسن نقوی اور کامران مرتضی کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، لاہور، کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری


ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے بڑے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیتے ہوئے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر قمار بازی کے اڈوں قحبہ خانوں اور لینڈ مافیا کیخلاف کریک ڈاون شروع کر دیا گیا ایس ایچ او تھانہ سٹی حاصل پور محمد فرحان

تھانہ میں آنے والے ہر سائل کو عزت ملے گی کسی کی عزت نفس کو مجروح نہیں ہونے دیا جائے گا مظلوم اور سائل کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا



حاصل پور (نامہ نگار) ایس ایچ او تھانہ سٹی حاصل پور محمد فرحان نے کہا ہے کہ معاشرتی ناسوروں جرائم پیشہ عناصر قمار بازی کے اڈوں قحبہ خانوں اور لینڈ مافیا کے خلاف کریک ڈاون شروع کر دیا گیا ہے اس سلسلہ میں کسی بھی جرائم میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل عاصم منیر خطے میں صلح اور بات چیت کے لیے تہران گئے

فیلڈ مارشل عاصم منیر خطے میں صلح اور بات چیت کیلئے تہران گئے، وزیر دفاع خواجہ آصف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر خطے میں صلح اور بات چیت کے لیے تہران گئے، ایران میں میری موجودگی ضروری نہ تھی، وہاں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا۔ قومی اسمبلی سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیضِ یعقوب حکمت گھر و شفاخانہ کو پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے رجسٹریشن سند جاری، ڈاکٹر سعید الٰہی کی مبارکباد

مریضوں کی صحت اور فلاح اولین ترجیح ہوگی اور علاج معالجہ میں احتیاط

مناسب رہنمائی اور مریض کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے گا صاحبزادہ حکیم محمد سلیمان خان



لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے فیض یعقوب حکمت گھر و شفاخانہ کے لئے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا۔ سابق صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر سعید الٰہی نے اس موقع پر صاحبزادہ حکیم محمد سلیمان خان کو مبارک باد پیش کی۔ ڈاکٹر سعید الٰہی نے کہا کہ جدید میڈیکل سائنس کے دور میں طب کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا،، اور ہربل میڈیسن کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نہری پانی کی تقسیم کے نظام کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

اسسٹنٹ کمشنرز محکمہ انہار اور پولیس کے افسران کے ہمراہ فیلڈ دورے کریں اور پانی چوری کی روک تھام کے لیے مشترکہ کارروائیاں عمل میں لائیں

محکمہ انہار کے افسران فیلڈ میں متحرک رہیں، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا



بہاول پور (سٹاف رپورٹر) کسانوں کے حقوق کا تحفظ اور نہری پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانے کے لیے پانی چوری کی روک تھام اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے نہری پانی چوری کی روک تھام، ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائیوں اور متعلقہ قوانین پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے نہری پانی چوری کی روک تھام بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب بھی موجود ہیں۔

آروائی کے شوگر ملز رکن آباد میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے تیاریاں تیز

گنے سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کی آمدورفت کو منظم بنانے، کے لیے موٹروے پولیس کے تعاون سے خصوصی حفاظتی اقدامات کیے جائیں گے



جن پور (نامہ نگار) آروائی کے شوگر ملز رکن آباد میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے تیاریاں تیز کر دی گئی ہیں۔ قومی شاہراہ پر سروس روڈ کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے، جبکہ کرشنگ سیزن کے دوران گنے سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کی آمدورفت کو منظم بنانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور حادثات کی روک تھام کے لیے موٹروے پولیس کے تعاون سے خصوصی حفاظتی اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار آروائی کے شوگر ملز رکن آباد کے منیجر ایڈمن عمران ریاض چوہدری نے کیا۔

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

زیادہ گندم اگاؤ کے سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر محترمہ اقرا ناصر کی زیر صدارت اے سی آفس میں ایک اجلاس

تحصیل احمد پور شرقیہ میں کے ہمیں دو لاکھ 10 ہزار ایکڑ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت شیخ خالد مصطفیٰ

سینئر زراعت آفیسر کامران جبار، ایس ڈی او انہار چوہدری عرفان، کسان بورڈ کے صدر فیاز خان بلوچ، فرٹیلائزر اینڈ پیسٹی سائیڈ کے صدر حاجی عبدالعزیز قریشی۔ جنرل سیکرٹری چوہدری محمد اکرم، سیڈ ڈیلر محمد اقبال قریشی نے اجلاس میں شرکت کی



احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) زیادہ گندم اگاؤ کے سلسلہ میں ایک اجلاس زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر محترمہ اقرا ناصر اے سی آفس میں منعقد ہوا۔ جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر شیخ خالد مصطفیٰ، سینئر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا کیس: عوام راج پارٹی کے سربراہ ملزم اقرار الحسن کی درخواست ضمانت مسترد

کراچی (سی ایم لنکس) سیشن عدالت شرقی نے سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد پوسٹ کرنے کے مقدمے میں عوام راج پارٹی کے سربراہ اقرار الحسن کی درخواست ضمانت پر فیصلہ سنا دیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت شرقی نے سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد پوسٹ کرنے کے مقدمے میں عوام راج پارٹی کے سربراہ ملزم اقرار

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی میں مریضوں کو درپیش مسائل اور شکایات بارے معلومات حاصل کر رہے ہیں

مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے

لگتا ہے جواب دینے کی ہدایت آئی، عالیہ کامران

اسلام آباد (سی ایم لنکس) جے یو آئی ف کی رکن عالیہ کامران نے کہا ہے کہ جب کل مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے، اس وقت جواب دیتے، لگتا ہے ان کو کوئی ڈائریکشنز آئی ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کو معافی بھی معافی مانگنی چاہئے، انہوں نے کہا یہ وقت آگیا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایسی بلیک میلنگ ہے کہ بلیک میلر بھی شرما جائیں

کوئی اپنی ماں کو تھوتھو نہیں کہہ سکتا، حنیف عباسی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ اس پارلیمان میں ایسی بلیک میلنگ ہو رہی ہے کہ بلیک میلر بھی شرما جائے، ہماری مائیں ہمیں بلے اور چڑی چھکے سے بھی مارا کرتی تھیں، رات کی تاریکی میں بھی اپنی ماں کو کوئی تھوتھو نہیں کہہ سکتا۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سائبر سکیورٹی اب ہر شہری کے تحفظ کا معاملہ ہے

وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ جدید سائبر فراڈ اور ڈیجیٹل اسکیمز سے معاشرے کا کوئی بھی طبقہ محفوظ نہیں رہا، حتیٰ کہ ان کے اپنے والد کو بھی مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے کزن کی وائس کلوننگ اور اغوا کے جھوٹے ڈرامے کے تحت تاوان کی کال موصول

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نوجوان ہر ملک کا قیمتی ترین سرمایہ اور قومی ترقی وسماجی پیش رفت کے اہم محرک ہوتے ہیں

وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان

جیتنگ (سی ایم لنکس) وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے فہمی و پیشہ ورانہ تعلیم، تکنیکی تربیت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر خزانہ اور سعودی سفیر کی ملاقات

اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب سے مملکت سعودی عرب کے سفیر، عزت مآب ڈاکٹر راجح تامی الحکمی نے خیرسگالی ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ظفر خان بلوچ احمد پور میڈیا کلب رجسٹرڈ کے نائب صدر بننے پر دوست واحباب کی طرف سے مبارک باد

احمد پور کے رجسٹرڈ میڈیا کلب کا نائب صدر بننا میرے لئے اعزاز کی بات ہے ظفر خان بلوچ کا مبارک باد دینے کے لئے آنے والے تمام دوستوں کا شکریہ

احمد پور شرقیہ (پ ر) تفصیل کے مطابق گزشتہ دنوں احمد پور میڈیا کلب رجسٹرڈ کی شاندار سادہ مگر پروقار تقریب حلف برداری منعقد ہوئی جس میں انٹرنیشنل صحافی سحر صحافت احسان احمد سحر نے عہدیداران سے حلف لیا۔ ورکنگ جنرلسٹ محمد ظفر خان بلوچ نے احمد پور میڈیا کلب رجسٹرڈ کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا وزٹ کیا

ٹف ٹائلز کی مضبوطی اور پائیداری پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ

وہاڑی (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا وزٹ کیا انہوں نے ملتان روڈ پر ٹف ٹائلز کی تنصیب، شجرکاری، خانیوال چوک کی تزئین و آرائش، وی چوک کی گرین بیلٹس اور قائداعظم

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

اپنی جگہ لیکن اس طرح کا رویہ کسی سیاست دان کو زیب نہیں دیتا، مولانا فضل الرحمان نے گزشتہ روز اداروں سے متعلق انتہائی نامناسب بیان دیا۔وزیر داخلہ نے کہا کہ جب تک ریاست سے فائدے ملتے رہیں تو ریاست اچھی لگتی ہے لیکن جب حصہ یا حکومت نہ ملے تو ریاست پر تھوکنا مناسب نہیں، اگر تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کی ہمت بھی پیدا کریں۔محسن نقوی نے کہا کہ بعض لوگ اسلام کو کاروبار اور سیاست کے لیے استعمال کرتے ہیں، انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہی لوگ ماضی میں ان کے پاس آ کر کہتے تھے کہ گورنر راج نافذ کر کے ان سے جان چھڑائی جائے۔ایران کے دورے سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ وہ شوق سے ایران نہیں جاتے بلکہ وزیراعظم نے انہیں باقاعدہ خصوصی ٹاسک دیا ہوا ہے، جس کے باعث وہ ان کے ہمراہ ایران جاتے ہیں۔محسن نقوی نے واضح کیا کہ ایران کا دورہ کسی دفاعی معاہدے سے متعلق نہیں تھا، انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے اس مقف کو غلط قرار دیا کہ وہ دفاعی معاہدے کے سلسلے میں ایران گئے تھے۔وزیر داخلہ نے کہا کہ تنقید کرنے والوں کو جواب بھی سننا چاہیے اور ریاستی اداروں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 02

بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے قطعۃ العمارہ چوک سے سدرن بائی پاس ششماہی نہر تک زیر تعمیر سڑک کے منصوبے کے حوالے سے بریفنگ لی اور متعلقہ محکموں کو منصوبے کے تمام امور بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ 3.50 کلومیٹر طویل سڑک کو دو رویہ بنانے کے منصوبے کے لیے 1,074.377 ملین روپے کی منظوری دی گئی ہے، جبکہ مالی سال 27-2026 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں منصوبے کے لیے 10 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ اسسٹنٹ کمشنر سٹی، محکمہ ہائی ویز اور کنٹونمنٹ بورڈ کی مشترکہ ٹیمیں سڑک کا سروے کریں اور اس کے اطراف موجود تمام تجاوزات کی فوری نشاندہی کر کے ان کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبے کے تکنیکی اور انتظامی امور بروقت مکمل کریں تاکہ تعمیراتی کام میں غیر ضروری تاخیر سے بچا جا سکے۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ منصوبے کے تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور کام کے تمام مراحل میں مقررہ معیار کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے منصوبے پر پیش رفت کی باقاعدہ نگرانی کرنے اور تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری تعمیرات کے ذریعے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ترجیح ہے۔اس موقع پر کنٹونمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹو آفیسر غلام محمد ابڑو، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، ایکسیئن ہائی ویز اصغر علی اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 03

مارکیٹ میں کاروبار کا مثبت رجحان دیکھا گیا ہے۔کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی، 400 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 66 ہزار 169 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 1269 پوائنٹس اضافے کیساتھ ایک لاکھ 65 ہزار 736 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 04

کریں۔قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کل مولانا فضل الرحمان کی تقریر کے دوران موجود نہیں تھا، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں، انھوں نے کہا سارے فیصلے اس پارلیمان میں ہونے چاہئیں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا کردار اس میں اہم ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جو اپوزیشن کا کردار ہے ہاؤس کو فعال کرنے میں ان کو کردار ادا کرنا ہوگا، جو لوگ چاہتے ہیں پارلیمان فعال نہ ہو ان کا مقصد پورا ہو چکا ہے آپ کو مبارک ہو، کمیٹیوں میں نہ بیٹھنے کے فیصلے سے پارلیمان کمزور ہوا ہے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ خان صاحب نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں، انتخابی اصلاحات کمیٹی کی حد تک تو اپوزیشن لیڈر اپنے اختیارات استعمال کریں۔ان کا کہنا تھا کہ اگر آپ چاہتے ہیں آنے والے انتخابات میں دھاندلی والے ایشو کو بہتر کیا جائے تو پی ٹی آئی کے اراکین اس میں شامل ہوں، سکیورٹی، معیشت اور خطے کی صورتحال سے متعلق آنے والے دنوں میں پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ وزرا اس ہاس کو پورے طریقے سے بریف کریں اور بتائیں کہ کیا مشکلات ہیں، بتائیں کہ ایران والے معاملے میں پاکستان کو کیا نقصان ہوسکتا ہے، دفاعی معاہدوں اور دہشتگردی والے ایشو پر بریف کیا جائے، انتخابی اصلاحات، دہشتگری اور دفاعی معاہدوں سے متعلق بریفنگ میں آپ کے نمائندے نہیں ہونگے تو کیا فائدہ۔

بقیہ نمبر 05

کام کرنے والی صنعتوں کے لیے سستی بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ مشترکہ طور پر کام کرے گا۔یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ انڈسٹریز اینڈ کامرس ڈیپارٹمنٹ، انرجی ڈیپارٹمنٹ اور پی ایف اے ایس کے نمائندوں پر مشتمل ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل دی جائے۔کمیٹی مختلف تجاویز کا جائزہ لے گی اور صنعتی شعبے کو سستی بجلی فراہم کرنے کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کرے گی۔اس موقع پر صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کو سستی بجلی کی فراہمی سے صنعتی ترقی میں تیزی آئے گی۔انہوں نے کہا کہ محکمہ صنعت صنعتوں کے لیے سستی اور قابل اعتماد توانائی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ توانائی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔چوہدری شافع حسین نے مزید کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں پاور پراجیکٹس کے قیام کے لیے مطلوبہ اراضی دستیاب کرائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹریز اینڈ کامرس ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ توانائی مشترکہ طور پر تمام متعلقہ معاملات کو حل کریں گے تاکہ صنعتی یونٹس کو سستی بجلی فراہم کرنے کے لیے توانائی کے منصوبوں پر عمل درآمد میں آسانی ہو۔صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کے لیے سستی بجلی سے کاروباری اداروں کو ریلیف ملے گا اور صنعتی پیداوار میں بہتری آئے گی۔انہوں نے کہا کہ بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم (BESS) بجلی کی سپلائی کو مستحکم کرنے اور صنعتی شعبے کے لیے زیادہ قابل اعتماد توانائی کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا۔فیصل ایوب کھوکھر نے یقین دلایا کہ محکمہ توانائی صنعتوں کو توانائی سے متعلق ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قابل اعتماد اور سستی بجلی صنعتی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اقتصادی ترقی میں معاونت کے لیے ضروری ہے۔میٹنگ کے دوران PFAS ٹیم نے بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم کے پائلٹ پراجیکٹ کے تکنیکی پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ اور رحیم یار خان اور وہاڑی میں انڈسٹریل اسٹیٹس میں پائلٹ پراجیکٹس شروع کرنے کی تجاویز کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ 32.5 میگاواٹ کی مجوزہ مشترکہ صلاحیت کے حامل بیٹری انرجی سٹوریج کے منصوبے لگائے جائیں گے۔مجوزہ ماڈل میں 12 گھنٹے آف گرڈ آپریشن اور نیشنل گرڈ سے 12 گھنٹے سپلائی کے انتظام کے ذریعے بجلی کی فراہمی کا بھی تصور کیا گیا ہے۔اجلاس میں سیکرٹری انرجی محمد اجمل بھٹی، سپیشل سیکرٹری انڈسٹریز نوشین ملک، چیئرمین پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (PIEDMC) شہزاد اعظم، توانائی کمپنیوں کے چیف ایگزیکٹو افسران اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 06

دیکھ بھال اور بروقت علاج معالجے کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی کا دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات، ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ایمرجنسی میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان سے علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے مریضوں کے لواحقین سے بھی گفتگو کی اور انہیں درپیش مسائل اور شکایات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ ایمرجنسی میں آنے والے مریضوں کو بلا تاخیر طبی امداد فراہم کی جائے اور ان کی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ہسپتال کے مرکزی ادویات اسٹور روم کا بھی معائنہ کیا اور ادویات کی میعاد استعمال، ذخیرہ کرنے کے انتظامات اور دستیابی کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ ادویات کو مقررہ معیاری طریقہ کار (ایس او پیز) کے مطابق مطلوبہ درجہ حرارت پر محفوظ رکھا جائے اور کولڈ چین کے تمام ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، تاکہ ادویات کا معیار برقرار رہے اور مریضوں کو محفوظ اور مؤثر علاج کی فراہمی ممکن ہو۔انہوں نے طبی عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، علاج معالجے کے عمل کو مؤثر بنایا جائے اور طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی خدمات میسر آسکیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی اقراء مبین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ایکسیئن ہائی وے اصغر علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر ذیشان رؤف، ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر فرخ زیدی، اے ایم ایس ڈاکٹر فرزانہ اشرف، ڈویژنل کوآرڈینیٹر ہیلتھ ڈاکٹر سید تنویر شاہ اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو باقر حسین بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 07

اتحاد کے تحت، آبنائے ہرمز اور یمن میں درپیش مسائل کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی کوششیں کر رہا ہے۔ترک صدارتی دفتر کے مطابق طیب اردوان نے ٹرمپ کو فون پر صورتحال سے آگاہ کیا۔صدر اردوان نے ٹرمپ کو بتایا کہ ترکیہ، یوکرین اور روس کے درمیان جاری جنگ کے خاتمے کے لیے دونوں ممالک کے مابین سفارتی عمل کو بحال کرنے کی کوششوں کی حمایت کرنے کو تیار ہے۔



بقیہ نمبر 08

اخلاقیات اور ٹیکنالوجی "*" کے عنوان سے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں جرنلسٹس الائنس پاکستان - کے الحاق شدہ رورل و ٹان پریس کلبز کے عہدیداران اور اراکین نے شرکت کی۔ورکشاپ کے ماسٹر ٹرینز معروف ابلاغ عامہ کی تعلیم وعملی تربیت کے ماہر پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا، سابق چیئرمین شعبہ میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز و ڈائریکٹر کمیونٹی براڈ کاسٹنگ، اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور تھے۔ڈاکٹر شہزاد رانا نے شرکا کو ڈیجیٹل سٹوری ٹیلنگ، خبر کے بنیادی اصولوں اور موبائل جرنلزم کے جدید تقاضوں پر عملی تربیت دی۔تکنیکی سیشن جناب عبدالصمد، سینئر نان لینئر ایڈیٹر، آئی یو بی نے لیا اور پوسٹ پروڈکشن وجدید ایڈیٹنگ پر پریکٹیکل ایکسر سائز کروائی' آخر میں رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے صدر اور بانی جے اے پی احسان احمد سحر نے شرکا مرد وخواتین صحافیوں میں اسناد تقسیم شرکت کیں۔ قبل ازیں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل پنجاب کے سینئر نائب صدر مخدوم سید ناصر حسین بخاری کی تحریک پر علاقہ کی سیاسی، سماجی، علمی وادبی شخصیات نے صحافت کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دینے پر جناب احسان احمد سحر کو "سر" کے خطاب سے نوازنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی

بقیہ نمبر 09

اسکوپ سے لیس ایم 4 رائفلز اور تھرمل سائٹس سے لیس ایم 16 رائفلز شامل ہیں۔رپورٹ کے مطابق جدید ہتھیاروں کی دستیابی دہشتگرد تنظیموں کی عملی صلاحیت میں اضافہ کر رہی ہے، طالبان کمانڈرز اور بلیک مارکیٹ کے ذریعے اسلحہ دہشتگردوں کو منتقل ہو رہا ہے، پاکستان میں دہشتگردوں سے برآمد 63 ہتھیاروں کے سیریل نمبرز سے ان کا امریکی اسلحہ سپلائرز سے تعلق ثابت ہو چکا ہے۔

بقیہ نمبر 10

ہے کہ ترکیہ نے ایک صدی کے دوران نمایاں پیشرفت کی ہے۔صدر مملکت کا کہنا ہے کہ ترکیہ نے اداروں کو مضبوط اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر علاقائی و عالمی امور میں اپنے مقام اور کردار میں اضافہ کیا۔انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ تاریخ، عقیدے اور اقدار پر مبنی دیرینہ روابط ہیں۔صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ مشکل وقت میں ترک قیادت، عوام کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کی قدر کرتے ہیں۔صدر مملکت کا یہ بھی کہنا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے دوطرفہ اور سہ فریقی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، یہ دفاعی معاہدہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین تزویراتی تعاون کے فروغ میں بھی معاون ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

ہدایت کی ہے کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کئے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کی سمجھوتہ نہ کیا جائے، انہوں نے مسافروں کی سہولت کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور متعلقہ اداروں کے درمیان روابط بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت جمعرات کو اسلام آباد میں ملک کے بڑے شہروں کے ہوائی اڈوں کی توسیع اور مسافروں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں بڑے ہوائی اڈوں پر سفری سہولیات کے معیار کا جائزہ لینے کے لئے ایک بین الاقوامی فرم کے ذریعے حال ہی میں مکمل کئے گئے سروے پر بریفنگ دی گئی جبکہ کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کے توسیعی منصوبوں اور ملک بھر میں سول ایوی ایشن اتھارٹی کے جاری ترقیاتی اور اپ گریڈیشن منصوبوں پر بھی بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں وزیراعظم نے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دی۔وزیراعظم نے توسیعی منصوبوں کو معینہ مدت میں مکمل کرنے، معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت کی۔وزیراعظم نے توسیعی منصوبوں اور مسافروں کی سفری سہولیات کو بہترین بنانے کیلئے اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، ہوائی اڈوں پر مسافروں کو سہولت فراہم کرنے والے افسران وعملے کو اعلیٰ سروس ڈیلیوری کی باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے۔انہوں نے ہوائی اڈوں پر کام کرنے والے مختلف اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کی سہولت کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہوائی اڈوں پر مسافروں کیلئے بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں اور کھانے پینے کی معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کے رن وے کی توسیع مکمل ہو چکی ہے۔اجلاس کو لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کے ماسٹر پلانز اور ان کے تحت توسیع کی منصوبہ بندی اور تعمیر کی معینہ مدت پر بریفنگ دی گئی۔وزیراعظم نے تعمیر کو بین الاقوامی معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران سول ایوی ایشن اتھارٹی نے مقامی پروازوں کی بحالی کیلئے 14 ایئرپورٹس فعال کئے ہیں۔اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ایف آئی اے کی جانب سے مسافروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے سٹاف اور کاؤنٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ بڑے ایئرپورٹس پر بارڈر مینجمنٹ کے خودکار نظام (Gates-E) کی تنصیب پر کام تیزی سے جاری ہے۔مزید برآں کراچی کو ایئر کارگو ہب بنانے کیلئے ایئر کارگو ویلیج پر بھی کام جاری ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ہوائی اڈے پر مسافروں کی سہولت کیلئے میٹ اینڈ گریٹ سروس شروع کی گئی ہے۔اسی طرح ایف آئی اے نے ملک کے بڑے ایئرپورٹس پر مسافروں کی بروقت رہنمائی کے لئے پری ڈیپارچر ڈیسک قائم کئے ہیں۔اجلاس کو بتایا گیا کہ حیدرآباد میں ہوابازی کے موجودہ ادارے کو مزید بہتر کر کے بین الاقوامی معیار کی ایوی ایشن یونیورسٹی بنائی جارہی ہے، جس پر فروری 2028 تک کام شروع کردیا جائے گا۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزرا خواجہ محمد آصف، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر محمد علی، ارکان قومی اسمبلی راجہ اسامہ سرور، علی زاہد، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر سردار یاسر الیاس اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12

الحسن کی درخواست ضمانت مسترد کردی۔ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت شرقی نے سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد پوسٹ کرنے کے مقدمے میں عوام راج پارٹی کے سربراہ ملزم اقرار الحسن کی درخواست ضمانت کا فیصلہ سنادیا۔عدالت نے اقرار الحسن کے درخواست ضمانت مسترد کردی۔ ملزم اقرار الحسن نے مجسٹریٹ سے ضمانت مسترد ہونے پر سیشن عدالت سے رجوع کیا تھا۔ ملزم اقرار الحسن عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہے۔

بقیہ نمبر 13

درمیان سخت جملوں کا تبادلہ بھی ہوا، محسن نقوی نے کامران مرتضی کے احتجاج پر کہا کہ آپ کو میری بات سننا پڑے گی، وزیر داخلہ نے کہا کہ اگر تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کی ہمت بھی پیدا کریں۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جب تک ریاست سے فائدے ملتے ہیں، تب تک ریاست اچھی لگتی ہے لیکن جب حصہ نہ ملے تو ریاست پر تھوکنا مناسب نہیں، اس پر کامران مرتضی نے جوابا کہا کہ زبان سنبھال کر استعمال کریں۔دوران اجلاس مسلم لیگ (ن) کے سینئر عابد شیر علی بھی غصے میں آ گئے اور کامران مرتضی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو شرم آنی چاہیے، ماں کو گالیاں دیتے ہیں۔اس موقع پر عابد شیر علی اور جے یو آئی (ف) کے سینئر کامران مرتضی کے درمیان بھی تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، صورت حال کو قابو میں رکھنے کے لیے وزیر مملکت طلال چوہدری نے عابد شیر علی کو بٹھا دیا۔محسن نقوی نے احتجاج کرنے والے ارکان سے کہا کہ اب ہمت کریں اور جواب سنیں، انہوں نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ کار نہیں کہ کوئی بھی اپنی مرضی کی بات کرے اور دوسرے کا مقف نہ سنے۔وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ ریاستی اداروں سے متعلق باتوں اور سیاسی اختلاف میں فرق ہونا چاہیے، جبکہ تنقید کرنے والوں کو جواب سننے کا حوصلہ بھی رکھنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 14

مولانا خواتین کے پیچھے چھپ رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ میں آئین کے مطابق یہاں بیٹھی ہوں، ان کو معافی مانگنی چاہئے، ان کو اپنی وزارتوں پر فوکس کرنا چاہیے۔قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ حنیف عباسی خانہ بدوش ہیں، جہاں گھاس پھوس ملے ادھر چلے جاتے ہیں، خواجہ آصف جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے کلیے پر چلتے ہیں، ن لیگ کی 2 تہائی اکثریت تھی اور مارشل لاء لگی، جے یو آئی ف نے مذمت کی ہے ان لوگوں نے تو ایک قرارداد تک منظور نہیں کی۔ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ضیاء الحق کو چیلنج کیا تم اس کی پیداوار ہو، اس مسلم لیگ ن کی کیا تاریخ ہے، ہم اور آپ پی ٹی آئی کو کہتے تھے کہ خان جہاں جاتا ہے وہاں آرمی چیف بھی ساتھ ہوتا ہے، اب شہباز شریف اگر ایسا کرے تو بہت اچھا لیڈر ہو گیا۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے کہا تھا زرداری کو گریبان سے پکڑ کر گھسیٹوں گا، ہم چاروں طرف سے حصار میں ہیں، چین سے اعتماد کا فقدان ہے، بھارت، ایران اور افغانستان کے ساتھ بارڈر بند ہیں، مولانا کو افغانستان آپ نے بھیجا آپ نااہل ہیں ان معاملات کو مزید نہیں چلا سکے۔مولانا غفور حیدری نے کہا کہ مشرف آیا تو مولانا فضل الرحمان اور میں قید میں تھے آپ بتائیں کہ آپ نے ان کے خلاف کیا تحریک چلائی، اسپیکر صاحب میری باتیں شائد آپ کو اچھی نہیں لگ رہیں، جیل میں سب نے جانا ہے شائد آپ کی باری بھی آ جائے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں جب اکٹھے ہوئے تو ہم نے کہا لانگ مارچ کرتے ہیں کچھ روز سڑک پر بیٹھتے ہیں، مسلم لیگ ن کے لوگوں نے کہا ہمارے کارکنان سڑکوں والے نہیں ہیں، ہمارے لوگ پاکستان کی وجہ سے شہید ہو رہے ہیں، ہم نے فتوی دیا کہ ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا جائز نہیں ہے، ہم پر حملے ہوئے اور اسی وجہ سے ہوئے، اگر ہم دہشتگردوں کے ساتھ ہیں تو پھر حملے آپ نے کروائے ہونگے۔ان کا کہنا تھا کہ ان خانہ بدوشوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ اپنے ماضی کی طرف دیکھو، مولانا صاحب کے تقریر کے نتیجے میں یہ خانہ بدوش اکٹھے کیے جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

احادیث اور قرآنی آیات کا استعمال اپنے ذاتی مفاد کے لیے نہ کریں، یہ پاکستان شہداء کا ہے، یہ پاکستان ان کا نہیں ہے جنھوں نے بنگلے بنا لیے اور بڑی بڑی گاڑیاں لے لیں، یہ پاکستان ان فوجی جوانوں کا ہے جو سرحد پر کھڑے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ کیا ہمیں جیلوں میں نہیں ڈالا گیا تو کیا ہم عزت دینے والے پاکستان کو بھول جائیں، یہاں کبھی ہم پختون، سرائیکی، پنجابی اور بلوچ بن جاتے ہیں، جنھوں نے برا بھلا کہا ان کے اپوزیشن لیڈر بن گئے یہ حال مولانا صاحب کا ہے، اچکزئی صاحب آپ وہی ہیں جنھوں نے کہا تھا بلوچ اپنی فوج بنائیں۔حنیف عباسی نے کہا کہ افغانستان اور ہندوستان آپ کو پاکستان سے زیادہ اچھا لگتا ہے، آئیں دہشتگردی کی اس جنگ میں، کل مولانا نے انتہا ہی کردی کہ آپ کے اور میرے شہید، آپ کے کون سے شہید ہیں؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی تقاریر سے پاکستان ٹوٹ جائے گا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ جو اٹھتا ہے کہتا ہے کشمیر جا رہا ہے کے پی جا رہا ہے بلوچستان جا رہا ہے، کسی مائی کا لال ایسا نہیں کرسکتا، پوری دنیا میں پاکستان کی خارجہ پالیسی کے ڈنکے بج رہے ہیں، وزیراعظم کے بارے میں کہا کہ اس کو کون پوچھتا ہے اس کو سارے پوچھتے ہیں، دنیا بھر کے حکمران وزیراعظم سے ملنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ فوج میں بلوچ پنجابی پشتون سندھی سب شامل ہیں، خیبر پختونخوا میں دہشتگرد آج منہ چھپا رہا ہے اور بھاگ رہا ہے، خیبر پختونخوا کی پولیس کے جوانوں کو آپ کی سیاست کے لیے کیوں کٹوا دیں، مذہب کو اپنی سیاست کے لیے استعمال نہ کریں، آج پاکستان اس خطے کا محفوظ ملک ہے، پاکستان کے جھنڈے تلے سب کو اکٹھا ہونا چاہیے، پاکستان میں تفریق کرنے والوں کو میں نہیں مانتا۔

بقیہ نمبر 16

ہوئی۔جمعرات کو یہاں پی ٹی اے اور یو این ڈی پی کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب میں وفاقی وزیر نے اپنا ذاتی واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل ان کے والد کو ایک شدید پریشان کن کال آئی جس میں کال کرنے والے نے ان کے کزن احمد کی آواز بنا کر بات کروائی۔کال پر دعویٰ کیا گیا کہ احمد کو حراست میں لیا گیا ہے اور ایف آئی آر سے بچنے کے لیے فوری طور پر رقم ٹرانسفر کی جائے۔انہوں نے بتایا کہ اس جعلی کال میں جعل سازوں کے پاس ان کے خاندان کے بارے میں تمام حساس معلومات موجود تھیں، انہیں معلوم تھا کہ احمد کون ہے، وہ ان کے والد کو کس نام سے پکارتا ہے، اس کے کتنے بہن بھائی ہیں اور اس کی روزمرہ کی نقل وحرکت کیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ خوش قسمتی سے وہ اس نوعیت کے دیگر واقعات سے پہلے ہی باخبر تھیں جس پر انہوں نے فوری طور پر کزن سے رابطہ کر کے اس کی خیریت دریافت کی اور فراڈ ناکام بنا دیا لیکن جعل سازوں کی معلومات اتنی مکمل تھیں کہ ایک عام انسان آسانی سے دھوکہ کھا سکتا ہے۔شزہ فاطمہ نے واضح کیا کہ اسکیمر یہ تمام معلومات خود نہیں بناتے بلکہ یہ ہمارے اسی غیر محتاط ڈیجیٹل فٹ پرنٹ کا نتیجہ ہے جو ہم روزمرہ سوشل میڈیا پر نادانستہ چھوڑ دیتے ہیں۔ہم بلا سوچے سمجھے اپنے گھروں کے باہر کی تصاویر، بچوں کے سکول، گاڑیوں کے نمبر اور خاندانی تفصیلات آن لائن شیئر کرتے ہیں، جسے جرائم پیشہ عناصر جمع کر کے ہمارے ہی خلاف بلیک میلنگ، تاوان اور شناخت کے غلط استعمال کے لیے بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں۔وفاقی وزیر نے عوام پر زور دیا کہ سائبر سکیورٹی اب محض ٹیکنالوجی تک محدود نہیں رہی بلکہ یہ ہر شہری کے تحفظ کا معاملہ ہے۔کسی بھی مشکوک کال، پرسنل کوڈ یا بینک اکاؤنٹ کے تقاضے پر فوری ردعمل دینے کے بجائے پہلے اس کی تصدیق کریں تاکہ خاندانوں کو ایسے منظم مالی وذہنی فراڈ سے بچایا جاسکے

بقیہ نمبر 17

زراعت آفیسر کامران جبار، ایس ڈی او انہار چوہدری عرفان، کسان بورڈ کے صدر فیاض خان بلوچ ،فرٹیلائزر اینڈ پیسٹی سائیڈ کے صدر حاجی عبدالعزیز قریشی۔ جنرل سیکرٹری چوہدری محمد اکرم، سیڈ ڈیلر محمد اقبال قریشی نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت شیخ خالد مصطفیٰ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تحصیل احمد پورشرقیہ میں کے ہمیں دو لاکھ 10 ہزار ایکڑ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے محکمہ زراعت نے ہر سطح پر کاوشیں شروع کردی ہیں۔ ہر یونین کونسل میں کسانوں کے سیمینار منعقد کرنے کے علاوہ شہر میں روڈ شوز کا بھی انعقاد کیا جا رہا ہے کسان بورڈ کے صدر فیاض خان بلوچ نے اسسٹنٹ کمشنر کو بتایا کہ نہری پانی کی فراہمی میں اگر اضافہ کردیا جائے۔تو گندم کی کاشت میں آسانی ہوگی۔حاجی عبدالعزیز قریشی اور چوہدری محمد اکرم نے کھادوں کی دستیابی کے متعلق معلومات فراہم کیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک کو گندم میں خود کفیل بنانے کے لیے تمام اقدامات بروکار لائے جائیں گے،

بقیہ نمبر 18

انہوں نے کہا کہ کرشنگ سیزن کے دوران قومی شاہراہ، سروس روڈز اور ملز کی جانب آنے والے رابطہ راستوں پر ٹریفک کا دباؤ بڑھ جاتا ہے، جس کے پیش نظر تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں گے تاکہ گنے کی ترسیل کے ساتھ عام مسافروں، موٹر سائیکل سواروں اور دیگر گاڑیوں کی آمدورفت بھی متاثر نہ ہو عمران ریاض چوہدری نے کہا کہ ہر سال کی طرح رواں کرشنگ سیزن میں بھی مختلف مقامات پر موٹروے پولیس کے ساتھ شوگر ملز کے سکیورٹی گارڈز تعینات کیے جائیں گے، جو ٹریفک کو منظم رکھنے اور گاڑیوں کی محفوظ آمدورفت یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہ سے شوگر ملز کی جانب آنے والے راستوں پر ٹریفک کی بہتری خصوصی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے انتظامیہ عوامی سہولت اور محفوظ سفر کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے انہوں نے ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیوروں پر زور دیا کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کریں، تیز رفتاری اور لاپرواہی سے گریز کریں اور دوران سفر احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ گنے سے لدی ٹرالیوں پر مناسب روشنیاں اور نمایاں حفاظتی انتظامات یقینی بنائے جائیں، خصوصا رات کے اوقات اور دھند کے موسم میں اضافی احتیاط برتی جائے تاکہ حادثات کے امکانات کم کیے جاسکیں عمران ریاض چوہدری منیجر ایڈمن نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد اور حادثات کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ ڈرائیوروں اور شہریوں کا تعاون بھی ناگزیر ہے۔مشترکہ کوششوں، ذمہ دارانہ ڈرائیونگ اور مؤثر ٹریفک انتظامات کے ذریعے کرشنگ سیزن کے دوران ٹریفک مسائل پر قابو پانے اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ میں مدد مل سکتی ہے اس موقع پر سردار ابوبکر خان کورائی اللہ نواز خان نیازی چیف سکیورٹی آفیسر۔محمد اشفاق سپروائزر محمد رمضان، حافظ محمد صابر کھوسہ، ملک محمد آصف سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 19

چوک کی تزئین وآرائش کے کاموں کا معائنہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ٹف ٹائلز کی تنصیب میں معیار، لیول اور نکاسی آب کے تکنیکی امور یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹف ٹائلز کی مضبوطی اور پائیداری پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ چوکوں کی تزئین وآرائش میں معیار، خوبصورتی اور یکسانیت برقرار رکھی جائے کیونکہ چوکوں کی تزئین وآرائش شہری خوبصورتی اور مثبت تشخص میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے شجر کاری کے لیے موزوں پودے لگانے، ان کی مناسب دیکھ بھال، بروقت آبپاشی اور حفاظت کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ شجر کاری اور گرین بیلٹس ماحولیاتی بہتری، صاف فضا اور شہر کی خوبصورتی کے لیے اہم ہیں، گرین بیلٹس بنانے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں اور ترقیاتی منصوبے مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں۔اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، ایکسین ہائی وے طاہر عزیز، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، ایس ڈی او ہائی وے محمد موسیٰ اور دیگر افسران موجود تھے۔

بقیہ نمبر 20

نائب صدر کے عہدے کا حلف لیا۔ دوست و احباب کی طرف سے مبارک باد کا سلسلہ جاری ہے۔ بہاول پور ٹیچرز ایسوسی ایشن کے تحصیل صدر محمد ارشد قریشی، جمعیت القریش کے رہنما ایم عرفان شاہین قریشی، ممتاز کاروباری شخصیت الحاج محمد یوسف، سیاسی وسماجی شخصیت ملک مشتاق احمد موہانہ ودیگر نے ان کے دفتر پہنچ کر پھولوں کی مالائیں پہنائیں، مبارک باد دی اور ان کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نائب صدر محمد ظفر خان بلوچ نے کہا کہ احمد پور کے پہلے رجسٹرڈ میڈیا کلب کا نائب صدر بننا میرے لئے اعزاز کی بات ہے، میں اپنے اس عزم کا اعادہ کرتا ہوں کہ ہمیشہ مثبت، تعمیری اور عوامی مسائل کو مؤثر طور پر اجاگر کرنے کے لئے اپنی صحافتی ذمہ داریاں پوری کرتا رہوں گا۔آخر میں انہوں نے مبارک باد دینے کے لئے آنے والے تمام دوستوں

بقیہ نمبر 21

ترجیحات سے متعلق امور پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔وزیر خزانہ نے سعودی سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ دوستی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔انہوں نے پاکستان کے لیے سعودی عرب کی مسلسل معاونت کو سراہا اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔سعودی سفیر نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات کو اجاگر کیا، جن کی بنیاد مشترکہ مذہب، تاریخ، باہمی اعتماد اور احترام پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری اداروں کے درمیان مضبوط روابط عوامی سطح پر تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور دونوں ممالک کے لیے باہمی مفاد کے اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی کے حوالے سے پیش رفت کو اجاگر کرتے ہوئے زرمبادلہ کے ذخائر اور مہنگائی کی صورتحال میں بہتری، نیز بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ اداروں کی جانب سے حالیہ درجہ بندی میں بہتری کا ذکر کیا۔انہوں نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز کے اجرا اور چین کی سرمایہ منڈی تک رسائی کے ذریعے پاکستان کی عالمی سرمایہ منڈیوں میں واپسی کا بھی حوالہ دیا۔انہوں نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری پر مبنی پائیدار ترقی کے لیے معاشی بہتری کے حالیہ ثمرات کو آگے بڑھانے کی اہمیت اجاگر کی۔دونوں جانب سے زراعت، معدنیات وکان کنی اور سرمایہ کاری کی صلاحیت رکھنے والے دیگر شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔انہوں نے مشترکہ ترجیحات کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور جاری تنازعے پر بھی تبادلہ؟ خیال ہوا، جس میں امن و استحکام کی اہمیت، ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تعاون اور خطے کے اقتصادی امکانات کے تحفظ پر زور دیا گیا۔گفتگو میں پاکستان کے اسٹریٹجک جغرافیائی محل وقوع اور علاقائی تجارت وراہداری کے مرکز کے طور پر اس کی صلاحیت کو بھی اجاگر کیا گیا، جو رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور وسیع تر اقتصادی تعاون کے مواقع پیدا کرنے میں معاون ہوسکتی ہے۔وزیر خزانہ نے ساختی اصلاحات کا عمل جاری رکھنے اور ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مستحکم اور قابل پیش گوئی سرمایہ کاری ماحول برقرار رکھنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور تجارت وسرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔دونوں جانب سے مشترکہ اقتصادی ترجیحات کو آگے بڑھانے کے لیے مسلسل رابطے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 22

کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کیے جاسکیں۔بیلٹ اینڈ روڈ انٹرنیشنل انڈسٹری ایجوکیشن کوآپریشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے، صنعتی ترقی اور مشترکہ معاشی خوشحالی کے فروغ کے لیے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ عملی اور پائیدار تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے حکومت پاکستان کی جانب سے فورم کے انعقاد پر منتظمین کو مبارک باد دی اور تعلیم ومہارتوں کی ترقی کے شعبوں میں بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے پر ٹینگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ کا شکریہ ادا کیا۔صنعت اور تعلیم کے باہمی اشتراک کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہر ملک کا قیمتی ترین سرمایہ اور قومی ترقی وسماجی پیش رفت کے اہم محرک ہوتے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ تعلیم کو محض درس گاہوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اسے صنعتوں کی بدلتی ضروریات اور تکنیکی ترقی کے تقاضوں سے براہ راست ہم آہنگ ہونا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ فنی وپیشہ ورانہ تعلیم اور تکنیکی تربیت نوجوانوں کی عملی مہارتوں، روزگار کے حصول کی صلاحیت اور کاروباری استعداد بہتر بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں خصوصاً ڈیجیٹل معیشت، جدید مینوفیکچرنگ، توانائی اور صحت کے شعبوں میں جہاں ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں۔رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت نوجوانوں کی ترقی حکومت پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام تعلیم، روزگار، شمولیت اور ماحولیات پر مشتمل چار بنیادی ستونوں کے تحت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے کوشاں ہے جبکہ قومی یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت نوجوانوں کو بامقصد اور نتیجہ خیز روزگار فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان فنی وپیشہ ورانہ تعلیم، صنعتی ترقی اور ہنرمندی کی تربیت کے شعبوں میں چین کے تجربات سے استفادہ کرنے کا خواہاں ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا جاچکن میں مشترکہ تربیتی پروگرام، نصاب کی تیاری، فنی اساتذہ کی تربیت، اطلاقی تحقیق، ادارہ جاتی شراکت داری اور فارغ التحصیل نوجوانوں کو آجروں سے منسلک کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔پاکستان اور چین کے دیرینہ تزویراتی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کی مسلسل ترقی انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے اور صنعتی ترقی کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے کے وسیع مواقع فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام چینی جامعات، فنی وپیشہ ورانہ کالجوں، کاروباری اداروں اور تعلیمی تنظیموں کے ساتھ تعاون بڑھانے کے لیے تیار ہے، اس مقصد کے لیے طلبہ کے تبادلے، اساتذہ کی تربیت، ڈیجیٹل تعلیمی پلیٹ فارمز، بین الاقوامی اسناد کے اجرا اور تعلیمی اداروں وصنعتوں کے درمیان شراکت داری کو فروغ دیا جائے گا۔رانا مشہود احمد خان نے ایک اہم پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ جون 2026 میں ٹینگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ میں وزیراعظم یوتھ پروگرام پاکستان کے چینی سیکرٹریٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔انہوں نے اس اقدام کو نوجوانوں کی ترقی، ہنرمندی کی تربیت اور تعلیمی تعاون کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی رابطوں اور ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم قرار دیا۔چیئرمین پی ایم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یہ سیکرٹریٹ حکومتی اقدامات، تعلیمی اداروں اور صنعتی شراکت داروں کے درمیان رابطے کے پل کا کردار ادا کرے گا جس سے مشترکہ ترجیحات کی نشاندہی اور تعاون کے منصوبوں کو نوجوانوں کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے میں مدد ملے گی۔رانا مشہود احمد خان نے چین، تھائی لینڈ، برازیل، ملائیشیا، ازبکستان اور کرغزستان سمیت مختلف ممالک کی شمولیت سے ایک جامع اور سب کے لیے قابل رسائی بین الاقوامی فنی وپیشہ ورانہ تعلیمی نیٹ ورک قائم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔انہوں نے مہارتوں اور تجربات کے تبادلے، تربیتی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے مزید ہم آہنگ کرنے اور مہارتوں وقابلیت کی اسناد کو باہمی طور پر تسلیم کرنے کے امکانات تلاش کرنے کی حوصلہ افزائی کی۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ فورم باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دینے، بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط بنانے اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے 2030 کے ایجنڈے کے حصول میں معاون ثابت ہوگا جبکہ نئی نسل کے لیے تعلیم اور روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر 23

ڈاکٹر عائشہ خان، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت حافظ محمد شفیق سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں نہری پانی چوری کے واقعات کی روک تھام، متعلقہ کمیٹیوں کی کارکردگی اور نہری پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ اسسٹنٹ کمشنرز محکمہ انہار اور پولیس کے افسران کے ہمراہ فیلڈ دورے کریں اور پانی چوری کی روک تھام کے لیے مشترکہ کارروائیاں عمل میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ انہار کے افسران فیلڈ میں متحرک رہیں، پانی چوری کی روک تھام کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹیوں کو فعال بنایا جائے اور تمام متعلقہ محکمے اقدامات پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ غیر قانونی طور پر نہری پانی حاصل کرنے سے دیگر کسانوں کے زرعی حقوق متاثر ہوتے ہیں، اس لیے نہری پانی کی تقسیم کے نظام کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور خلاف ورزیوں کے مرتکب عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پانی چوری کی شکایات پر فوری ردعمل دیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائیں۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے کہا کہ نہری پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ پانی چوری کے واقعات کی نشاندہی پر موقع کی تصاویر اور ویڈیوز بطور ثبوت محفوظ کی جائیں، فیلڈ کارروائیوں کی مؤثر نگرانی کی جائے اور موصول ہونے والی شکایات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔نہری پانی چوری سے متعلق شکایات اور اطلاعات درج کرانے کے لیے شہری ان نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں: 062-9250273، 0302-7966393۔

بقیہ نمبر 24

ذریعے بھی دنیا بھر میں لاکھوں افراد شفایاب ہوتے ہیں۔نیشنل کونسل فار طب کے سند یافتہ حکیم صاحبزادہ محمد سلیمان خان نے رجسٹریشن کے اجرا پر اللہ رب العزت کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ بطور طبیب مریضوں کی خدمت کرنے اور طب نبوی ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں علاج معالجہ کے اصولوں پر عمل کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔انہوں نے کہا کہ مریضوں کی صحت اور فلاح ان کی اولین ترجیح ہوگی اور علاج معالجہ میں احتیاط، مناسب رہنمائی اور مریض کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے گا۔موسم سرما کی آمد کے حوالے سے صاحبزادہ حکیم محمد سلیمان خان نے شہریوں کو صحت کے معاملے میں احتیاط برتنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ ٹھنڈے مشروبات اور کھٹی اشیا کا استعمال اپنی صحت اور جسمانی کیفیت کے مطابق کریں۔انہوں نے کہا کہ صحت مند زندگی کے لیے متوازن غذا اور مناسب احتیاط ضروری ہے" کیونکہ پرہیز علاج سے بہتر ہے"۔

بقیہ نمبر 25

ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ حکمران ہوں یا دیگر، تمام سوالات کا مکمل احترام کرتا ہوں، مولانا فضل الرحمان نے حکومت کے مختلف طرز عمل پر تبصرہ کیا، مولانا فضل الرحمان نے مجھ پر بھی بھرپور تبصرہ کیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے گزشتہ سال فتح کے بعد بات چیت کا کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل نے خطے میں مذاکرات کیلئے کردار ادا کیا، خطے میں صلح اور بات چیت کے لیے تہران گئے، امن کے قیام کیلئے ہمیشہ بات چیت کو اہمیت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ تہران میں کسی متعلقہ معاہدے پر کوئی بات نہیں ہورہی تھی، تہران میں میری موجودگی ضروری نہیں تھی، مولانا فضل الرحمان کے اٹھائے گئے سوالات کا سوچا تھا کہ جواب دوں گا، تہران میں ہونے والی میٹنگ وزارت دفاع سے متعلق نہیں تھی۔وزیر دفاع نے کہا کہ تہران میں سعودی وزیر دفاع اور ترک انٹیلی جنس چیف آئے تھے، وزیر دفاع نہیں، عالمی سطح پر پاکستان اور فیلڈ مارشل کے کردار کو سراہا جانا چاہیئے۔ان کا کہنا تھا کہ ایوان میں کوئی ایسی پارٹی نہیں جس سے اختلاف اور تعاون دونوں نہ رہے ہوں، مجھ پر جو نکتہ چینی کی گئی، وہ غلط جگہ پر کی گئی، مولانا فضل الرحمان نے میرے لحاظ سے جو تحفظات کا اظہار کیا، اس کا مشکور ہوں۔انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا پاکستان کی سیاست میں اہم مقام ہے جس کا احترام کیا جاتا ہے، اعتراضات بھی سیاست کا حصہ ہیں، پیپلز پارٹی کے ساتھ ہمارے بہت سے اختلافات رہے ہیں، اختلافات پس پشت ڈال کر جو کامیابیاں حاصل کی ہیں، ان کا اعتراف کیا جانا چاہئے۔خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ میں جب بول رہا ہوتا ہوں تو میرے دماغ میں اپنی کہی ہوئی باتیں رہتی ہیں، میں واحد سیاستدان ہوں جس نے ماضی پر معذرت کی، جب ہائبرڈ سسٹم سے متعلق بات کرتا ہوں تو مجھے میری ماضی کی تقریر یاد کرائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب آپ مجھے شرم کرنے کا کہتے ہیں تو خود بھی سوچ لیا کریں، ماضی میں مولانا فضل الرحمان حکومتوں کا حصہ بھی رہے ہیں، آپ مجھے طعنہ دیتے ہیں کچھ شرم کرو، حیا کرو، آپ بھی تو کچھ شرم کریں، حیا کریں، آپ کون سا آب زم زم سے دھلے ہیں، یہاں کوئی بھی اس بات کا دعوی نہیں کرسکتا۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ کوئی پرانی بات نہیں، دوسال پہلے ان کے پاس کئی عہدے تھے، ماضی کو بھلا کر مخالفین پر حملہ کرتے ہیں تو کم از کم اپنا ماضی بھی دیکھ لینا چاہیے، پی ٹی آئی والے سیاسی یتیم ہوئے ہیں، انہوں نے بھی اپنے آپ کو مولانا کی چھتر چھایا تلے کرلیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کون کون سی مراعات سے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان دس سال کشمیر کمیٹی کے چیئرمین رہے، مولانا بتادیں کہ انہوں نے دس سال میں کشمیر کاز کی کیا خدمت کی ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ ہم نے مولانا کی تقریر تحمل سے سنی ہے، یہاں کسی پارٹی نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ نہیں بنایا، انہوں نے مذہب کے نام پر کمائیاں کی ہوئی ہیں، یہاں پی ٹی آئی نے یا کسی دوسری جماعت نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ نہیں بنایا۔خیال رہے کہ خواجہ آصف کی تقریر کے دوران اسمبلی میں شورشرابا شروع ہوگیا، کچھ وقفے کے بعد خواجہ آصف کو پھر بات کرنے کا موقع دیا۔انہوں نے کہا کہ عزت وآبرو کے ساتھ ان کی تقریر سنی ہے، انہوں نے پرسنل اٹیک کیے، اب مولانا کو خواتین کی حمایت کی ضرورت پڑ گئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ مجھے میری اوقات کا پتہ ہے اور جو پوچھ گچھ کرتے ہیں ان کا بھی پتہ ہے، مجھ سے ماضی نہ کھلائیں، ملک نے جب بھی دشمن پر فتح پائی، ان کی طرف سے کبھی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی، دنیا بھر میں سراہا گیا لیکن ایوان میں بیٹھی اس جماعت نے تعریف نہیں کی، میرا منہ نہ کھلائیں کہ انہوں نے پی ڈی ایم کی حکومت میں کیا کیا وارداتیں کی ہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ میں انہیں ایڈوائس کروں گا کہ محنت کریں، حسد نہ کریں، میں لکھ کر دینے کو تیار ہوں، میں حصے دار ہوں، اگر کے پی میں انہیں حکومت میں حصہ دے دیتے تو کل یہ یہاں ایسی تقریر نہ کرتے، یہ جو بہروپ انہوں نے دھارے ہوئے ہیں، یہ کمائی کے بہانے ہیں، خواتین مردوں کے لیے لڑ رہی ہیں، مرد پتہ نہیں کہاں غائب ہیں۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ انہوں نے ہماری سفارتی کوششوں کو بھی ٹارگٹ کیا، تعریف کے بجائے تنقید کی، حصہ مل جائے گا تو خاموش، حصہ نہ ملے تو پھر شور شروع کردیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 26

ملوث شخص کے ساتھ کوئی رعائیت نہی برتی جائے گی جو جرم کر کے تھانہ آئے گا وہ سیدھا جیل جائے گا تھانہ عوام کے لیے دارالانصاف اور جرائم پیشہ عناصر کے لیے دارالحساب ہوگا تھانہ میں آنے والے ہر سائل کو عزت ملے گی کسی کی عزت نفس کو مجروح نہی ہونے دیا جائے گا مظلوم اور سائل کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا ٹاؤٹ مافیا کے لیے تھانہ میں کوئی گنجائش نہی ہے انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور منشیات فروشی کے اڈوں کو ختم کرنے کے لیے بھرپور کوشش کی جارہی ہے اس سلسلہ میں عوام بھی اپنا کردار ادا کریں منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے وہ منشیات فروشوں کی نشاندہی کریں پولیس کے فعال گشت کی وجہ سے موٹر سائیکل چوری ودیگر وارداتوں میں کمی ہوئی ہے

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ